**15.01.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت بغیر کسی بھید بھاؤ کے ہر کسی کیلئے عوامی فلاح و بہبود کے جذبے کے ساتھ کام کررہی ہے۔ انہوں نے آج نئی دلّی میں دولتِ مشترکہ کے اسپیکر اور **Presiding** افسروں کی کانفرنس سے خطاب کیا۔

☆ جے پور میں 78ویں آرمی ڈے کی پریڈ میں بھارتی فوج کی جدید صلاحیتوں، جدید طرز پر جنگ کی تیاری اور اندرونِ ملک تیار کردہ میزائل نظام کی نمائش کی گئی۔ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے ایک جدید، آتم نربھر اور مستقبل کیلئے تیار فوج تشکیل دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

☆ تہران میں بھارتی سفارتخانے نے، احتجاج میں تیزی آنے کے تناظر میں، بھارتی شہریوں سے کسی بھی دستیاب ٹرانسپورٹ کے ذریعے ملک سے چلے جانے کو کہا ہے۔

☆ **Elon Musk** کا اے آئی ماڈل **Grok**، اے آئی **Deep Fakes** پر عالمی تشویش کے مدنظر، اب اپنے صارفین کو لوگوں کی تصویروں کو اِس طرح سے **Edit** کرنے کی اجازت نہیں دے گا، جس میں اُن کا جسم نمایاں ہورہا ہو۔

☆ اور خواتین پریمئر لیگ کرکٹ میں، آج شام ممبئی انڈینس کا مقابلہ یو پی واریئرس سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-CSPOC**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے ثابت کردیا ہے کہ جمہوری ادارے اور جمہوری عمل، ملک کی جمہوریت کو وسعت، استحکام اور رفتار فراہم کرتے ہیں۔ آج نئی دلّی میں سمودھان سدن میں دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسروں کی 28 ویں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِاعظم نے کہا کہ بھارت نے گوناگونیت کو اپنی جمہوریت کی طاقت میں بدل دیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت کیلئے جمہوریت کا مطلب، قطار میں کھڑے آخری شخص تک سہولتوں کی فراہمی ہے اور حکومت بغیر کسی تفریق کے ہر فرد کی فلاح وبہبود کے جذبے کے ساتھ کام کررہی ہے۔ جناب مودی نے اُجاگر کیا کہ گزشتہ چند برسوں میں ملک میں تقریباً 25 کروڑ لوگ غربت سے باہر آئے ہیں۔

**PM On Democracy**

وزیراعظم مودی نے مزید کہا کہ بھارت کیلئے عوام سب سے مقدم ہیں اور اُن کی آرزوؤں اور امنگوں کو پورا کرنے کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت نے تکثیریت کو اپنی طاقت بنایا اور وہ دنیا کی تیزی سے ترقی کرنے والی اہم معیشت کے طور پر اُبھرا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت میں **UPI** دنیا کاسب سے بڑا ڈیجیٹل ادائیگی کا نظام ہے۔

**S/B PM Bharat**

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ مصنوعی ذہانت **AI** اور سوشل میڈیا نے جمہوری اداروں کی کارکردگی اور صلاحیت میں بے پناہ اضافہ کیا ہے۔ البتہ اُنہوں نے کہا کہ **AI** اور سوشل میڈیا کے غلط استعمال سے غلط جانکاری، سائبر جرائم اور سماج کوتقسیم کرنے جیسے سنگین چیلنجز پیدا ہوئے ہیں۔
جناب برلا نے زور دے کر کہا کہ اِن چیلنجز پر سنجیدگی سے غور وفکر کرنا اور مناسب حل تلاش کرنا ہم سب کی اجتماعی ذمے داری ہے۔×

**S/B Om Birla**

**Army Day Parade Jaipur**

آج جے پور میں فوج کے 78ویں دن کے مناسبت سے ایک شاندار پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جگت پورہ کے محل روڈ پر واقع اِس پریڈ میں بھارتی فوج کی بہادری، نظم وضبط اور جدید فوجی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا گیا۔ پہلی مرتبہ فوج کے دن کی پریڈ براہِ راست عوام کے سامنے فوجی چھاؤنی سے باہر منعقد کی گئی۔ فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی نے ملک کی خدمت کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپاہیوں کے اہل خانہ کو سینا میڈلس عطا کئے۔ اِس موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی نے کہاکہ بھارتی فوج موجودہ چیلنجوں سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ مستقبل کی ضرورتوں کیلئے خود کو تیار کررہی ہے۔ فوج کے سربراہ نے مزید کہا کہ خودکفالت صرف ایک مقصد نہیں بلکہ اسٹریٹجک طور پر بھی ضروری ہے۔

**S/B General Upendara Dwivedi**

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس تقریب کے دوران آتم نربھر بھارت کے جذبے کو مضبوطی کے ساتھ اُجاگر کیا گیا۔
فوج کے دن کی تقریبات کے حصے کے طور پر آج شام **SMS** اسٹیڈیم میں ایک شوریہ **Sandhya** کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں وزیردفاع راج ناتھ سنگھ شامل ہوں گے۔×

**Rajnath Army Day**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے فوج کے دن کے موقع پر بھارتی فوج کے بہادر اہلکاروں اور اُن کے اہل خانہ کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب سنگھ نے کہا کہ ملک بھارتی فوج کی غیرمعمولی دلیری اور بہادری، عظیم قربانی اور ملک کی سلامتی اور اقتدارِ اعلیٰ کی حفاظت کرنے کے غیرمتزلزل عزم کو سلام پیش کرتا ہے۔×

**Prez - PM Army Day**

آج آرمی ڈے کے موقع پر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے دلیر فوجیوں، سابق فوجیوں اور ان کے کنبے کے افراد کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر، صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ بھارتی فوج، ملک کے اتحاد، خودمختاری اور سلامیت کے تحفظ کی خاطر مسلسل خدمات انجام دے رہی ہے۔ صدرِ

جمہوریہ نے کہا کہ ملک مقدم کا اُن کا غیرمتزلزل جذبہ ہر بھارتی کو تحریک دے رہا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر، جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ فوجی اہلکاروں کی شجاعت، ڈسپلن اور عظیم قربانی ہر شہری کو ترغیب دیتی ہے۔
وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ ملک، بھارتی فوج کی ہمت اور پختہ عزم کو سلام پیش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ناموافق صورتحال میں بے لوث خدمت اور ملک کے تحفظ کی ایک علامت ہیں۔ x

## MEA Iran Advisory

بھارت نے اپنے شہریوں کو ایران کا سفر کرنے سے گریز کرنے پر سختی سے عمل کرنے کا مشورہ دیا ہے کیونکہ وہاں سکیورٹی کی صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے۔ وزارتِ خارجہ نے اپنی ایک ایڈوائزری میں کہا ہے کہ ایران میں جاری واقعات کے پیشِ نظر بھارتی شہریوں کو سختی سے یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ اطلاع تک اسلامی جمہوریہ ایران کے سفر سے گریز کریں۔ وزارتِ خارجہ نے ایران میں رہ رہے بھارتی شہریوں اور بھارت نژاد لوگوں سے مظاہروں والے علاقوں میں جانے پر انتہائی محتاط رہنے اور وہاں جانے سے گریز کرنے کو کہا ہے۔
وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ جو بھارتی شہری، ایران میں رہائشی ویزا پر رہ رہے ہیں، اگر انہوں نے ابھی تک اپنا اندراج نہیں کرایا ہے تو وہ بھارتی سفارتخانے میں اپنا اندراج کرائیں۔
تہران میں بھارتی سفارتخانے کے ایمرجنسی رابطہ ہیلپ لائن نمبر اس طرح سے ہیں:
پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک ایک پانچ
پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر نو
پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر دو
پلس نو آٹھ نو، نو تین دو، ایک سات نو، تین پانچ نو
سفارت خانے سے ای میل cons.tehran@mea.gov.in کے ذریعے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔
اس دوران، تہران میں بھارتی سفارتخانے نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ ایران میں بدلتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر، جو بھارتی شہری اِس وقت ایران میں ہیں، چاہے وہ طلباء ہوں، زائرین ہوں، کاروباری افراد ہوں یا سیاح ہوں، انہیں کمرشیل پروازوں سمیت ٹرانسپورٹ کے کسی بھی دستیاب ذرائع سے ایران سے چلے جانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ سفارتخانے نے بھارتی شہریوں سے اپنے امیگریشن دستاویزات دستیاب رکھنے کو بھی کہا ہے۔ x

## UK - Iran Embassy

برطانیہ نے تہران میں عارضی طور پر اپنا سفارتخانہ بند کردیا ہے اور سبھی سفارتی عملے کو واپس بلا لیا ہے۔ ایران میں مظاہرین پر پُرتشدد کارروائی کے بعد بڑھتی کشیدگی کے سبب خراب ہوتی سکیورٹی صورتحال کے پیشِ نظر ایسا کیا گیا ہے۔ اِس اقدام کی تصدیق کرتے ہوئے، برطانیہ کی وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ انہوں نے تہران میں اپنا سفارتخانہ عارضی طور پر بند کردیا ہے اور اب وہ دور کہیں سے اپنا کام کاج کرے گا۔x

## AI Image Editing Ban

Elon Musk کا اے آئی ماڈل Grok، فحش اے آئی Deep Fakes پر عالمی تشویش کے مدنظر، اب اپنے صارفین کو لوگوں کی ایسی تصویروں کو Edit کرنے کی اجازت نہیں دے گا، جس میں اُن کا جسم نمایاں ہورہا ہو۔ یہ پابندی پیسے ادا

کرنے والے سبسکرائبرس سمیت سبھی صارفین پر لاگو ہوگی، جس کا اعلان AI سے تیار کردہ فحش تصاویر کی تحقیقات کرنے والے سرکردہ وکیل کی جانب سے کیلیفورنیا میں تحقیقات شروع کرنے کے کچھ گھنٹوں بعد 'ایکس' پر کیا گیا ہے۔ اِن تصاویر میں بچوں کی تصویریں بھی شامل ہیں۔ 'ایکس' نے کہا ہے کہ اِس طرح کی تصاویر بنانے کی کوشش کرنے والوں کو مقامی قوانین کے تحت بلاک کردیا جائے گا۔ x

**Cricket WPL**

خواتین پریمئر لیگ کرکٹ میں آج نوی ممبئی میں DY پاٹل اکیڈمی میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ یو پی واریئرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ ممبئی انڈینس پوائنٹس ٹیبل میں دوسری پوزیشن پر ہے، جبکہ یو پی واریئرس آخری مقام پر ہے اور صرف ایک میچ ہارنے کے بعد وہ ٹورنامنٹ سے باہر ہوجائیں گے۔x

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ میں آج شدید سے بہت شدید کہرا چھائے رہنے کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ وہیں اترپردیش اور اتراکھنڈ میں کل تک اسی طرح کا موسم رہنے کی وجہ سے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔
محکمۂ موسمیات نے ہماچل پردیش، بہار، مغربی بنگال، جموں و کشمیر، لداخ، آسام، میگھالیہ اور سکم میں اگلے دو دنوں میں شدید کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔
IMD نے مزید کہا ہے کہ چھتیس گڑھ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، اڈیشہ، پنجاب، راجستھان اور اترپردیش میں آج موسم شدید سرد رہے گا۔ x

**Trump Machado Meet**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ وینیزوئیلا کی اپوزیشن لیڈر Maria Corina Machado سے آج واشنگٹن ڈی سی میں وائٹ ہاؤس میں ملاقات کرنے کیلئے تیار ہیں۔
ایسا سمجھا جاتا ہے کہ Maria Machado کی سیاسی پارٹی نے 2024 کے انتخابات میں بڑے پیمانے پر جیت حاصل کی تھی، جسے اس وقت کے صدر Nicolas Maduro نے مسترد کردیا تھا، جنہیں امریکہ نے اس مہینے گرفتار کرلیا ہے۔
اس سے پہلے، ٹرمپ نے وینیزوئیلا کی باگ دوڑ سنبھالنے کیلئے Machado کی اہلیت کو مسترد کردیا تھا۔ ٹرمپ اور ان کے مشیروں نے کارگزار صدر Delcy Rodriguez کے ساتھ کام کرنے کے سلسلے میں خواہش کا اشارہ دیا ہے، جو Maduro کی حکومت میں نائب صدر تھے۔ x

**Maha Polling**

مہاراشٹر میں 29 میونسپل کارپوریشنوں کیلئے ووٹنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ ووٹنگ 893 وارڈس کی دو ہزار 869 نشستوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ پولنگ صبح ساڑھے ساتھ بجے شروع ہوئی ہے اور شام ساڑھے پانچ بجے تک جاری رہے گی۔
کُل تین کروڑ 48 لاکھ ووٹر پانچ ہزار 931 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے، جن میں ممبئی میں ایک ہزار 700 اور پونے میں ایک ہزار 166 امیدوار ہیں۔ ووٹوں کی گنتی کل ہوگی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆